# پیشاب اور پاخانہ کے مقام کو پاک کرنے کا طریقہ

<"xml encoding="UTF-8?>

## پیشاب اور پاخانہ کے مقام کو پاک کرنے کا طریقہ

مسئلہ 75: پیشاب کا مقام صرف پانی سے پاک ہوتا ہے اور کُر یا شہر کی پائپ لائن والے پانی سے یا قلیل پانی سے ایک مرتبہ دھونا کافی ہے، اگرچہ احتیاط مستحب ہے کہ پیشاب کے مقام کو قلیل پانی سے دو مرتبہ دھویا جائے اور بہتر ہے کہ تین مرتبہ دھویا جائے۔

مسئلہ 76: تین صورتوں میں مَقعَد (پاخانہ خارج ہونے کا مقام ) صرف اور صرف پانی سے پاک ہوتا ہے۔

اوّل: پاخانے کے ساتھ کوئی اور نجاست مثلاً خون باہر آیا ہو۔

دوّم: باہر کی کوئی نجاست مقعد پر لگ گئی ہو، مگر عورتوں میں پیشاب کا مقعد تک پہونچنے کے علاوہ ۔

سوّم: مقعد کا اطراف معمول سے زیادہ آلودہ ہو گیا ہو۔ ان تین صورتوں کے علاوہ مقعد کو پانی سے بھی دھو سکتے ہیں یا اس طریقے کے مطابق جو بعد میں بیان کیا جائےگا کپڑے، پتھر اور اسی طرح کی چیز پاخانے کے مقام کو بھی پاک کر سکتے ہیں اگرچہ پانی سے دھونا بہتر ہے۔

مسئلہ 77: اگر پاخانے کے مقام کو پانی سے دھویا جائے تو ضروری ہے کہ پاخانے کا کوئی ذرّہ باقی نہ رہے البتہ اس کا رنگ اور بو باقی رہ جائے تو کوئی حرج نہیں اور اگر پہلی بار ہی یوں دھویا جائے کہ پاخانے کا کوئی ذرہ باقی نہ رہے تو دوبارہ دھونا لازم نہیں ہے۔

مسئلہ 78: پاخانے کے مقام کوپتھر ، ڈھیلا، کپڑا یا اس جیسی چیز سے اگر خشک اور پاک ہو ، پاک کیا جا سکتا ہے اور اگر ان میں معمولی نمی بھی ہو جو اس جگہ کو تر نہ کرے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ 79: اگر پاخانے کے مقام کو پتھر یا ڈھیلے یا کپڑے سے ایک مرتبہ میں بالکل صاف کر دیا جائے تو کافی ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ تین مرتبہ صاف کیا جائے اور جس چیز سے صاف کیا جائے اس کےتین ٹکڑے بھی ہوں اگر تین مرتبہ میں صاف نہ ہو تو اتنے مزید ٹکڑوں کا اضافہ کرنا چاہیے کہ بالکل صاف ہو جائے لیکن ایسے اثرات باقی ہوں جو دھوئے بغیر ختم نہ ہوں تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ 80: پاخانے کے مقام کو ایسی چیزوں سے پاک کرنا حرام ہے جن کا احترام لازم ہے جیسے ایسا کاغذ جس پر خدا اور پیغمبروں کا نام لکھا ہو اور ہڈّی یا گوبر سے پاک کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ 81: اگر کوئی شخص شک کرے کہ پاخانے کے مقام کو پاک کیا ہے یا نہیں، ضروری ہے اس کو پاک کرے اگرچہ پیشاب پاخانہ کرنے کے بعد وہ ہمیشہ پاک کرتا ہو۔

مسئلہ 82: اگر کوئی نماز کے بعد شک کرے کہ نماز سے پہلے پیشاب یا پاخانے کے مقام کو پاک کیا ہے یا نہیں تو

اس نے جو نماز ادا کی ہے وہ صحیح ہے لیکن آئندہ نماز کے لیے اسے پاک کرنا ہوگا۔